سوال

(363) منکوحہ فاحشہ کا خاوند   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص اپنی منکوحہ کی عصمت دری کی آگاہی پر ویسے ہی تعلقات رکھتا ہے۔ جیسے کہ ایک عصمت بی بی کے ساتھ اور پھر دیدہ دانستہ ایک غیر محرم مرد کو اپنے گھر میں آنے جانے دیتا ہے۔ یہاں تک کہ اپنی منکوحہ کے ساتھ اس غیر مرد کے خلوت میں ملنے اور بات چیت کرنے کو معیوب نہیں سمجھتا۔ تعلق داروں کے دلوں میں طرح طرح کے گمانات پیدا ہوگئے ہیں۔ ایسے شخص کا درجہ مذہب میں کیا ہے۔ اور اس کی سزا کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا شخص ازروئے حدیث دیوث ہے۔ اس کی سزا جماعتی طور پر قطع تعلق ہے یہاں تک کہ توبہ کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص338

محدث فتویٰ